فہرست مضامین

مقالاتِ سلیمان

جلد دوم

مضمون	صفحہ
دیباچہ: از شاہ معین الدین احمد ندوی	۱ - ۲
ہندوستان میں علم حدیث	۱ - ۵۵
فرنگی محل اور علم حدیث	۵۵ - ۶۴
ہندوستان میں علم حدیث کی تاریخ کے گم شدہ اوراق	۶۵ - ۷۳
ہندوستان میں کتب حدیث کی نایابی کے بعض واقعات	۷۴ - ۸۰
رُباعی	۸۱ - ۱۱۰
محمد بن عمر الواقدی اور سیرت میں علمائے مستشرقین کی ایک نئی غلطی	۱۱۱ - ۱۳۸

49. 3. 30
図書館蔵書

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
پھر واقدی (امام زہری پر الزام)	۱۶۵-۱۳۹	رومن کیتھولک تاریخ کی	۳۱۸-۳۰۶
سنت	۱۸۳-۱۶۶	چند من گھڑت کہانیاں	
پھر بحث سنت	۱۹۶-۱۸۴	مرزا بیدل کیا عظیم آبادی نہ تھے؟	۳۳۱-۳۱۹
(کچھ اور اختراعات و الزامات)		حکیم سنائی کے سنین عمر	۳۴۱-۳۳۲
عرب و امریکہ	۲۳۴-۱۹۷	حجاز کے کتب خانے	۳۷۸-۳۴۲
اسلامی رصد خانے	۲۶۵-۲۳۵	سفر گجرات کی چند یادگاریں	۳۹۶-۳۷۹
کتب خانہ اسکندریہ	۲۸۰-۲۶۶	انڈیا آفس لائبریری میں	۴۰۷-۳۹۷
اسلامی ہندوستان کا عہد آخر	۳۰۵-۲۸۹	اردو کا خزانہ	
اور علوم جدیدہ		کتب خانہ حمیدیہ بھوپال	۴۱۴-۴۰۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

حضرت الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ کا قلم نصف صدی تک رواں رہا، اس طویل مدت میں انھوں نے مستقل تصانیف کے علاوہ مذہبی علمی تاریخی، اور ادبی مختلف موضوعوں پر سیکڑوں مضامین لکھے جو علوم و معارف کا گنجینہ ہیں، اُن کا بڑا حصہ معارف میں شائع ہوا، اور کچھ الندوۃ الہلال اور دوسرے اخبارات اور رسالوں میں شائع ہوئے۔

سید صاحبؒ جس موضوع پر بھی قلم اُٹھاتے تھے، اس کا کوئی گوشہ تشنہ نہ چھوڑتے، اور تلاش و تحقیق کا کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھتے تھے، چنانچہ انھوں نے جس موضوع پر بھی لکھا ہے، معلوم ماخذوں کے لحاظ سے اس میں اضافہ کی بہت کم گنجائش چھوڑی ہے، اور بعض چیزوں میں تو اُن کو اولیت کا درجہ حاصل ہے، اور انھوں نے آیندہ لکھنے والوں کے لئے نئی راہ کھول دی ہے، یہی خصوصیت اس مجموعے کے مضامین میں بھی ہے، رُباعیؔ واقدی، پھر واقدی، سُنّت، پھر سُنّت خاص طور سے تلاش و تحقیق کا شاہکار ہیں، اور عرب امریکہ میں تو ان سے پہلے کسی سیاح قلم کا قدم نہ پہنچا تھا، ان مضامین میں اگرچہ بڑا تنوع ہے، لیکن ان کا مرکزی نقطہ اسلامی علوم و فنون، اور اسلامی تاریخ و تہذیب کی مرقع کشی اور اسکی تحقیق و تنقید ہے، اس لئے ان میں کثرت کے باوجود